# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: اسلام کا قانون جنائی(۲۹۵۷)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر ا

**(یونٹ: 1 تا 4)**

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 50**

**سوال نمبر1۔** اشاعتِ فحاشی کے سدباب کے لیے اسلامی تعلیمات، قانونی اقدامات اور ان کی عملی تطبیق پر تفصیلی گفتگو کریں۔ مزید یہ بیان کریں کہ یہ قوانین معاشرتی اصلاح میں کیسے کردار ادا کرتے ہیں؟ **(20)**

**سوال نمبر2۔** سرقہ کے جرم کی تعریف، اس کے ارکان اور شرعی سزاؤں کی شرائط کو واضح کریں۔ مزید یہ وضاحت کریں کہ اسلامی قانون میں اس جرم کے سدباب کے لیے کون سے حفاظتی اصول موجود ہیں؟ **(20)**

**سوال نمبر3۔** حرابہ اور بغاوت کے جرائم کی نوعیت، ان کے درمیان فرق اور اسلامی قانون میں ان کی سزاؤں کا موازنہ کریں۔ نیز ان جرائم کے معاشرتی اثرات کا جائزہ بھی پیش کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر4۔** اسلامی قانون میں ارتداد کی تعریف، اس کے اسباب اور اس کی سزا کے حوالے سے فقہی آراء کا تفصیلی جائزہ لیں۔ مزید یہ بیان کریں کہ اس قانون کے نفاذ میں کون سے اصول مدنظر رکھے جاتے ہیں؟ **(20)**

**سوال نمبر5۔** بغاوت کے جرم کی شرعی حیثیت، اس کے انسداد کے طریقے اور ریاستی استحکام میں اس قانون کے کردار کو تفصیل سے بیان کریں۔ **(20)**

# امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ:5تا9)**

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

**سوال نمبر1۔** تعزیری سزاؤں کی اقسام، ان کی حکمت اور قاضی کے اختیارات کے تناظر میں ان کا تنقیدی جائزہ لیں۔ **(20)**

**سوال نمبر2۔** پاکستان میں رائج فوجداری قوانین اور اسلامی فوجداری قانون کے درمیان بنیادی فرق اور مماثلتوں کا تفصیلی موازنہ کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر3۔** پاکستانی قانونی نظام میں اسلامی قوانین کے نفاذ کی موجودہ صورتِ حال اور اس کے چیلنجز پر جامع بحث کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر4۔** اسلامی فوجداری قانون کے بنیادی اصولوں کو جدید قانونی تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے امکانات پر تحقیق کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر5۔** اسلامی فوجداری نظام کی افادیت کو موجودہ دور کے جرائم کے تناظر میں دلائل کے ساتھ ثابت کریں۔ **(20)**